12/03/2026

12.30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

فائرنگ

جموں کے گریٹر کیلاش حملہ علاقے میں گذشتہ شام شادی کی ایک تقریب کے دوران ایک شخص نے نیشنل کانفرنس کے صدر اور سابقہ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر گولیاں چلانے کی کوشش کی تاہم وہ اس حملے میں معجزاتی طور بچ نکلے۔ یہ واقع اُس وقت پیش آیا جب فاروق عبداللہ شادی کی ایک تقریب میں شرکت کرنے کے بعد واپس لوٹ رہے تھے۔ ان کے ہمراہ نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی تھے۔

فائرنگ کرنے والے شخص کو پولیس نے گرفتار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس واقعے پر سوالات اٹھاتے ہوئے اسے بہت بڑا سکیورٹی فلیئر قرار دیا ہے۔ واقعے سے متعلق وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے میڈیا کو بتایا۔

ستیش شرما

امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کل ایک میٹنگ کے دوران پیٹرولیم مصنوعات کے سٹاک اور سپلائی پوزیشن کا ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جائزہ لیا۔

انہوننے اوئل کمپنیز اور
محکمہ

امور صارفین حکام کو ہدایت دی کہ مشرقی وسطیٰ میں جنگی صورتحال کے پیش نظر ایک ؤ
پلان ترتیب دیا جائے تاکہ کسی بھی صورتحال سے نمٹا جا سکے۔ Contingency مربوط

کشمیر تیل

ادھر صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے سٹاک اور پندرہ دنوں کےلئے پیٹرول اور ڈیزل کا LPG ہوئے کہا کہ وادی میں13دنوں کے لئے

سٹاک موجود ہیں۔ انہوننے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ غیر ضروری ذخیرہ کرنے سے اجتناب کریں۔

کرائم برانچ

Special antiنے17 ملزمان کے خلافEconomic offences wingکرائم برانچ کشمیر کی کورٹ بارہمولہ میں باضابطہ چارج شیٹ داخل کیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ curruption مذکورہ صحت محکمے سے وابستہ اہلکاروں نے جعلی تقرری اور ٹرانسفر آرڈر اجراء کئے ہیں۔

سرینگرDC/SP

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو اور ایس ایس پی سرینگر سندیپ چکرورتی نے کل ڈسڑکٹ لیول کمیٹی ہال نارکو کارڈنیشن سینٹر کی میٹنگ میں مشترکہ طور پر شمولیت کی۔ اس موقعے پر منشیات کے خلاف مہم میں مزید تیزی لانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

میٹنگ میں مختلف محکموں پر زور دیا گیا کہ وہ مزید آپسی تال میل کے ساتھ کام کریں تاکہ منشیات فروشوں کے خلاف مزید تیزی کے ساتھ کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

سرینگرDC

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کل ایس ٹی بائز ہوسٹل تلسی باغ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے وہاں پر رہائش پذیر طلباءکےلئے سہولیات کا جائزہ لینے کے علاوہ اور کھیل کود کا بہتر سامان مہیا رکھا جائے Computer Labطلباءکو یقین دلایا کہ ہوسٹل میں گا۔

ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ بٹہ مالو میں ایس ٹی گرلز ہوسٹل تعمیر کیا جا ئے گا، جس کے لئے زمین پہلے الاٹ کی گئی ہے۔

اننت ناگDC

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کل ڈسڑکٹ کیپکس بجٹ اور مختلف سکیموں کےتحت شروع کئے گئے ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔

میٹنگ کے دوران ڈپٹی کمشنر کو بتایا گیا کہ ضلعے میں کیپکس بجٹ کے تحت رواں مالی سال نریگا اور دوسری MG کے دوران2ہزار342 مختلف ترقیاتی کاموں کو مکمل کیا جا چکا ہے جبکہ مرکزی معاونت والی سکیموں کے ذریعے سے 77 فیصدی کام مکمل کئے جا چکے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تعمیراتی کام میں تیزی لائیں تاکہ تمام زیر التواءکام مقررہ وقت پر مکمل کئے جا سکیں۔

DCبارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ سید فخر الدین حامد نے کل کانسپورہ بارہمولہ میں بلاک دِوس پروگرام میں شمولیت کی۔ اس موقعے پر علاقے کے لوگوں نے پینے کے پانی کی قلت ، خستہ حال ڈرنیج سسٹم اور Public Health Centre دلنہ میں عملے کی کمی جیسے مختلف معاملات ڈپٹی کمشنر کی نوٹس میں لائے۔

ڈپٹی کمشنر نے اس موقعے پر شامل لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے مشکلات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیاجائے گا۔

DCگاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جَتنکشور نے کل مشن یوا کے تحت ڈسڑکٹ لیول Implementation کمیٹی کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران 69 کیسوں کی منظوری دی گئی جن کو مشن یوا سکیم کے تحت خود روزگار کمانے کےلئے مالی امداد اور صلاح مشورہ فراہم کیا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر نے اس موقعے پر ہدایت دی کہ جانچ پڑتال کے عمل میں تیزی لائی جائے تاکہ ضلعے کے زیادہ سے زیادہ بے روزگار نوجوان مشن یوا سے استفادہ حاصل کرسکے۔

کمشنر سیکریٹری

کمشنر سیکریٹری Co-operative Yasha Mudgal نے کل جموں سینٹرل Co-operative لمیٹیڈ کے کام کاج کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر کمشنر سیکریٹری نے ہدایت دی کہ بینک کو مزید منافع بخش بنانے اور جدید بینکنگ سہولیات دستیاب رکھنے کےلئے بینک کو مزید تیزی کے ساتھ کام کرنا ہو گا۔

DCپلوامہ

ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے کل سپورٹس اسٹیڈیم پلوامہ میں والی بال اور فٹ بال ٹورنامنٹوں کا افتتاح کیا۔

یہ ٹورنامنٹ یو تھ سروسز اینڈ سپورٹس کی جانب سے آرگنائز کئے جا رہے ہیں۔ اس موقعے پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کھیل کود کی سرگرمیوں سے انسان کی مجموعی نشونما میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ انہوننے کہا کہ سپورٹس کی سرگرمیوں کو جاری رکھنا سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....